## سوال

(138) صلوۃ التسبیح رمضان المبارک میں ستائیس تاریخ کو جماعت سے پڑھنا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

صلوۃ التسبیح رمضان المبارک میں ستائیس تاریخ کو جماعت سے پڑھنا۔ اور پڑھانا کیسا ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صلوۃ التسبیح رمضان کی ستائیسویں تاریخ کو باجماعت ادا کرنا اس کا کوئی ثبوت نہیں۔ اگر یہ نظر تعلیم کبھی ایسا کیا جائے تو کوئی حرج نہیں۔ اس کو سنت نہیں سمجھنا چاہیے۔ نہ سنت کی طرح اس پر اصرار کرنا چاہیے۔ (اخبار الاعتصام جلد ۲۰ شمارہ ۲۸ : ۳۰ محرم الحرام ۱۳۸۹ھ) (مولانا حافظ محمد گوندلوی سابق امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث)

### توضیح :

نفل نماز کی جماعت ثابت ہے، اور نماز تسبیح بھی نفل نماز ہے، اس لیے کوئی حرج نہیں۔ (علی محمد سعیدی)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

**جلد 06 ص 360**